مطبوعات

(تبصرے کے لیے ہر کتاب کی دو جلدیں آنا ضروری ہیں)

انوار السّنن | افادات مولانا قاضی عبید اللہ صاحب نقشبندی مفتی ڈیرہ غازی خاں۔ ترتیب: قاضی شمس الدین علوی مدرس عبیدیہ نقشبندیہ ڈیرہ غازی خاں۔ ناشر: دار العلوم عبیدیہ بلاک ڈیرہ غازیخاں۔ (مغربی پاکستان)۔ ہدیہ پانچ روپے پچاس پیسے۔ صفحات ۲۴۰۔

احادیثِ نبویؐ کا یہ قابلِ قدر مجموعہ بلوغ المرام کی طرز پر مرتب کیا گیا ہے۔ فاضل مؤلف نے حنفی مسلک کے کئی مسائل جنھیں اہلِ حدیث حضرات سُنّت کے نقطۂ نظر سے کمزور سمجھتے ہیں اُن کی تائید سنتِ نبوی سے کی ہے۔ اس کے علاوہ بہت سے دوسرے مسائل جن کے بارے میں لوگوں کے ذہن صاف نہیں ان کے بارے میں مختلف احادیث کو بیان کیا ہے، یہ کوشش قابلِ قدر اضافہ ہے مگر دو چیزیں اس میں کھٹکتی ہیں۔ ایک تو ایسی کتاب کے اندر طنز نہیں جچتی اور اگر یہ ناگزیر ہو تو اس کا انداز بہتر اور شائستہ ہونا چاہیے۔ دوسرے کتاب کی ترتیب و تدوین زیادہ کاوش اور عرقریزی کی متقاضی ہے۔

معیار طباعت و کتابت بھی گوارا ہے۔

کتابتِ حدیث عہدِ نبویؐ | تالیف جناب پروفیسر ابوبکر غزنوی صاحب۔ شائع کردہ مکتبۂ غزنویہ ۴ شیش محل روڈ، لاہور۔ صفحات ۳۲۔ قیمت درج نہیں۔

فاضل مصنّف کی زیرِ نگرانی تحریکِ احیائے دین نے چھوٹے چھوٹے مفید کتابچوں کا جو سلسلہ شروع کیا ہے یہ اس کی کڑی ہے۔ اس میں پروفیسر صاحب نے بڑی دیدہ وری سے کتابتِ حدیث کے بارے میں شواہد اکٹھے کیے ہیں اور اس ضمن میں منع کتابت والی حدیث پر بھی بحث کی ہے۔